روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 6 ستمبر 2008ء 5 رمضان 1429 ہجری 6 تبوک 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 205

پاک زبان کی ہدایت

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے ایک بار اپنے کسی غلام سے خفا ہوکر اسے برا بھلا کہا۔ آنحضرت ﷺ وہاں موجود تھے۔ آپ نے فرمایا اے ابوبکر صدیقین اور لعانین ایک جگہ جمع نہیں ہوسکتے۔ یہ سنتے ہی حضرت ابوبکر نے بطور کفارہ اس غلام کو آزاد کردیا۔ اور عرض کیا آئندہ ایسی غلطی نہیں کروں گا۔

(الادب المفرد باب من لعن عبده جلد1 ص100 حدیث نمبر322)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یاد رکھو جو شخص سختی کرتا اور غضب میں آجاتا ہے اس کی زبان سے معارف اور حکمت کی باتیں ہرگز نہیں نکل سکتیں۔ وہ دل حکمت کی باتوں سے محروم کیا جاتا ہے جو اپنے مقابل کے سامنے جلدی طیش میں آکر آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔ گندہ دہن اور بے لگام کے ہونٹ لطائف کے چشمہ سے بے نصیب اور محروم کئے جاتے ہیں۔ غضب اور حکمت دونو جمع نہیں ہو سکتے جو مغلوب الغضب ہوتا ہے اس کی عقل موٹی اور فہم کند ہوتا ہے۔ اس کو کبھی کسی میدان میں غلبہ اور نصرت نہیں دیئے جاتے۔ غضب نصف جنون ہے جب یہ زیادہ بھڑکتا ہے تو پورا جنون ہوسکتا ہے۔

ہماری جماعت کو چاہئے کل ناکردنی افعال سے دور رہا کریں۔ وہ شاخ جو اپنے تنے اور درخت سے سچا تعلق نہیں رکھتی وہ بے پھل رہ جاتی ہے۔ سو دیکھو اگر تم لوگ ہمارے اصل مقصد کو نہ سمجھو گے اور شرائط پر کاربند نہ ہوگے تو ان وعدوں کے وارث تم کیسے بن سکتے ہو جو خدا تعالیٰ نے ہمیں دیئے ہیں۔

جسے نصیحت کرنی ہو اسے زبان سے کرو۔ ایک ہی بات ہوتی ہے وہ ایک پیرایہ میں ادا کرنے سے ایک شخص کو دشمن بنا سکتی ہے اور دوسرے پیرایہ میں دوست بنادیتی ہے۔ پس (۔) (النحل: 126) کے موافق اپنا عمل درآمد رکھو۔ اسی طرز کلام ہی کا نام خدا نے حکمت رکھا ہے۔ (۔) مگر یاد رکھو جیسی یہ باتیں حرام ہیں ویسے ہی نفاق بھی حرام ہے۔ اس بات کا بھی خیال رکھنا کہ کہیں پیرایہ ایسا نہ ہو جاوے کہ اس کا رنگ نفاق سے مشابہ ہو۔ موقعہ کے موافق ایسی کارروائی کرو جس سے اصلاح ہوتی ہو۔ تمہاری نرمی ایسی نہ ہو کہ نفاق بن جاوے اور تمہارا غضب ایسا نہ ہو کہ بارود کی طرح جب آگ لگے تو ختم ہونے میں ہی نہیں آتی۔ بعض لوگ تو غصہ سے سودائی ہو جاتے ہیں اور اپنے ہی سر میں پتھر مار لیتے ہیں۔ اگر ہمیں کوئی گالی دیتا ہے تب بھی صبر کرو۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب کسی کے پیرومرشد کو گالیاں دی جاویں یا اس کے رسول کو ہتک آمیز کلمے کہے جاویں تو کیسا جوش ہوتا ہے مگر تم صبر کرو اور حلم سے کلام کرو۔

ایسا نہ ہو کہ تمہارا اس وقت کا غصہ کوئی خرابی پیدا کردے جس سے سارا سلسلہ بدنام ہو یا کوئی مقدمہ بنے جس سے سب کو تشویش ہو۔ سب نبیوں کو گالیاں دی گئی ہیں۔ یہ انبیاء کا ورثہ ہے۔ ہم اس سے کیونکر محروم رہ سکتے تھے۔ ایسے بن جاؤ کہ گویا مسلوب الغضب ہو تم کو گویا غضب کے قویٰ ہی نہیں دیئے گئے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 104)

رمضان المبارک اور انفاق فی سبیل اللہ

اس مبارک میں مہینہ میں آنحضور ﷺ کی صدقہ وخیرات کی رفتار تیز آندھی سے مشابہت رکھتی تھی۔ سنت سے معلوم ہوتا ہے کہ رمضان المبارک اور انفاق فی سبیل اللہ کا باہم گہرا تعلق ہے۔

حضرت مصلح موعود نے اس مبارک مہینہ میں تحریک جدید کے وعدہ سے سبکدوش ہونے کو بہت پسند فرمایا اور 29 رمضان المبارک کی دعائیہ تقریب میں ان خوش نصیب مخلصین کیلئے خصوصی دعا کی روایت قائم فرمائی جو اس تاریخ سے قبل اپنے وعدے ادا فرماتے ہیں امسال بھی انشاء اللہ ایسے خوش نصیب مخلصین کیلئے 29 رمضان المبارک کی دعائیہ تقریب کے موقعہ پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں دعا کی درخواست کی جائے گی۔ زیادہ سے زیادہ احباب وخواتین اللہ تعالیٰ کی رضا اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی دعاؤں سے مستفید ہونے کی سعی فرمائیں عہدیداران سے درخواست ہے کہ 28 رمضان المبارک تک دعائیہ فہرستیں مرکز میں پہنچا دیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو مقبول خدمات بجالانے کی توفیق بخشے۔ آمین

(وکیل المال اول تحریک جدید ربوہ)

داخلہ عائشہ دینیات کلاس

دینیات کلاس میں داخلہ برائے فرسٹ سمیسٹر مورخہ یکم ستمبر 2008ء سے جاری ہے۔ درخواستیں سادہ کاغذ پر بنام پرنسپل بھجوائیں۔ داخلہ کیلئے کم از کم معیار میٹرک ہے ایف اے اور بی اے پاس خواتین اور بچیاں بھی دینی وعلمی ترقی کے لئے داخل ہوکر استفادہ کرسکتی ہیں۔ دو سال میں چار سمیسٹرز کے دوران مختصر اور اہم نصاب پڑھایا جاتا ہے کورس کی کتابیں طالبات کو لائبریری سے مہیا کی جاتی ہیں۔ فیس داخلہ 20 روپے اور ماہانہ فیس 10 روپے ہے۔ عمر کی حد مقرر نہیں ہے۔ شادی شدہ خواتین بھی داخلہ لے سکتی ہیں زیادہ سے زیادہ خواتین اور بچیاں داخل ہو کر مستفید ہوں۔ تمام درخواستیں عائشہ دینیات 3/14 دارالعلوم غربی حلقہ ثناء میں بھجوائیں۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

نیک نیت محروم نہیں رہتا

حضرت مسیح موعود کے پر معارف رشادات

اگر خدا تعالیٰ چاہتا تو دوسری امتوں کی طرح اس امت میں کوئی قید نہ رکھتا مگر اس نے قیدیں بھلائی کے واسطے رکھی ہیں میرے نزدیک اصل یہی ہے کہ جب انسان صدق اور کمال اخلاص سے باری تعالیٰ میں عرض کرتا ہے کہ اس مہینہ میں مجھے محروم نہ رکھ تو خدا تعالیٰ اسے محروم نہیں رکھتا اور ایسی حالت میں اگر انسان ماہ رمضان میں بیمار ہو جائے تو یہ بیماری اس کے حق میں رحمت ہوتی ہے۔ کیونکہ ہر ایک عمل کا مدار نیت پر ہے مومن کو چاہئے کہ وہ اپنے وجود سے اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کی راہ میں دلاور ثابت کر دے جو شخص کہ روزے سے محروم رہتا ہے مگر اس کے دل میں یہ نیت دردِ دل سے تھی کہ کاش میں تندرست ہوتا اور روزہ رکھتا اور اس کا دل اس بات کے لئے گریاں ہے تو فرشتے اس کے لئے روزے رکھیں گے بشرطیکہ وہ بہانہ جُو نہ ہو تو خدا تعالیٰ اسے ہرگز ثواب سے محروم نہ رکھے گا۔

یہ ایک باریک امر ہے کہ اگر کسی شخص پر (اپنے نفس کے کسل کی وجہ سے) روزہ گراں ہے اور وہ اپنے خیال میں گمان کرتا ہے کہ میں بیمار ہوں اور میری صحت ایسی ہے کہ اگر ایک وقت نہ کھاؤں تو فلاں فلاں عوارض لاحق ہوں گے اور یہ ہوگا اور وہ ہوگا تو ایسا شخص جو خدا تعالیٰ کی نعمت کو خود اپنے اوپر گراں گمان کرتا ہے کب اس ثواب کا مستحق ہوگا۔ ہاں وہ شخص جس کا دل اس بات سے خوش ہے کہ رمضان آ گیا اور میں اس کا منتظر تھا کہ آوے اور روزہ رکھوں اور پھر وہ بوجہ بیماری کے روزہ نہیں رکھ سکا تو وہ آسمان پر روزے سے محروم نہیں ہے۔ اس دنیا میں بہت لوگ بہانہ جُو ہیں اور وہ خیال کرتے ہیں کہ ہم جس طرح اہل دنیا کو دھوکہ دے لیتے ہیں ویسے ہی خدا کو فریب دیتے ہیں بہانہ جُو اپنے وجود سے آپ مسئلہ تراش کرتے ہیں اور تکلفات شامل کر کے ان مسائل کو صحیح گردانتے ہیں لیکن خدا تعالیٰ کے نزدیک وہ صحیح نہیں۔ تکلفات کا باب بہت وسیع ہے اگر انسان چاہے تو اس (تکلف) کی رو سے ساری عمر بیٹھ کر نماز پڑھتا رہے اور رمضان کے روزے بالکل نہ رکھے مگر خدا اس کی نیت اور ارادہ کو جانتا ہے جو صدق اور اخلاص سے رکھتا ہے خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ اس کے دل میں درد ہے اور خدا تعالےٰ اسے ثواب سے زیادہ بھی دیتا ہے کیونکہ دردِ دل ایک قابل قدر شے ہے۔ حیلہ جُو انسان تاویلوں پر تکیہ کرتے ہیں لیکن خدا تعالیٰ کے نزدیک یہ تکیہ کوئی شے نہیں۔ جب میں نے چھ ماہ روزے رکھے تھے تو ایک دفعہ ایک طائفہ (۔) مجھے (کشف میں) ملا اور انہوں نے کہا تو نے کیوں اپنے نفس کو اس قدر مشقت میں ڈالا ہوا ہے۔ اس سے باہر نکل۔ اسی طرح جب انسان اپنے آپ کو خدا کے واسطے مشقت میں ڈالتا ہے تو وہ خود ماں باپ کی طرح رحم کر کے اسے کہتا ہے کہ تو کیوں مشقت میں پڑا ہوا ہے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 563)

6 ستمبر 65ء کی یاد میں

جو تھے تیرگی کے نشان سب وہ لہو سے آج مٹا دیئے
جنہیں آندھیاں نہ بجھا سکیں وہ چراغ ہم نے جلا دیئے
کبھی میلی آنکھ سے جو تکے، میرے غازیوں سے نہ بچ سکے
یہ وطن شہیدوں کی سر زمیں، کئی لعل جس پہ لٹا دیئے
تو نے جب لیا کبھی امتحاں، میری پاک دھرتی کے سب جواں
بڑھے اس طرح کہ غنیم سب، بڑی گہری نیند سلا دیئے
تو چلا کے تیر بھی دیکھ لے، یہ جگر ہیں سارے ہی سامنے
انہیں زخم کیسے کہے گا، تو جو وفا نے پھول کھلا دیئے
میری سر زمیں کا یہ بانکپن کبھی ماند ہو نہ خدا کرے
یہ چمن بھی یوں ہی کھلا رہے، سبھی غم ہیں میں نے بھلا دیئے

انور ندیمؔ علوی

جنرل اختر حسین ملک

دشمنوں کی سپاہ سے پوچھو
کس بلا کا دلیر تھا اختر
کس کی طاقت تھی سامنے آئے
آدمی تھا کہ شیر تھا اختر

یہ تقاضا ہے صرف فطرت کا
قوم کی قوم اس کو روتی ہے
ورنہ اک ملک کے سپاہی کی
زندگی لازوال ہوتی ہے

ڈاکٹر محمود الحسن ایمن آبادی

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

ہم میں سے ہر ایک کو ملک کے دفاع میں مثبت حصہ لینا ہے

پوری اور مخلصانہ کوشش کریں تا کہ ملکی استحکام اور سالمیت کو فروغ حاصل ہو

جنرل اختر حسین ملک کا سٹاف کالج کوئٹہ میں خطاب 23 جون 1966ء کا ترجمہ

جناب پرنسپل خواتین وحضرات!

سب سے پہلے میں پرنسپل صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے مجھے اس تقریب کی صدارت کی عزت بخشی۔ میں ان کا اور زیادہ شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میرے متعلق بھی کلمات خیر کہے اور عمومی طور پر افواج پاکستان کو بھی خراج عقیدت پیش کیا۔

ہمیں ایک ایسی جنگ سے دوچار ہونا پڑا جس میں پہل خود ہم نے نہیں کی۔ بلکہ جنگ کو ہم پر مسلط کیا گیا۔ حالات ہمارے لئے سازگار نہیں تھے اور مشکلات کا ہجوم تھا۔ لیکن حالات کا منہ ہم کب تک دیکھتے۔ کب تک حالات کی بپتا لئے بیٹھے رہتے۔ دشمن نے ہمیں للکارا تھا تو ہمیں اس آگ میں کود ہی جانا چاہئے تھا چنانچہ پوری قوم فرد واحد کی طرح سینہ سپر ہوگئی۔

یہ درست ہے کہ پاک فوج ملک وملت کی توقعات پر پوری اتری لیکن اس کے لئے لائق تحسین اور مستحق ستائش پوری کی پوری قوم ہے نہ کہ تنہا پاک فوج۔ قوم نے وحدت و یگانگت کا لازوال مظاہرہ کیا اور ہر فرد ملت نے قومی تقدیر میں پختہ ایمان کا ثبوت دیا۔ اس سے سپاہی کا جذبہ جاں سپاری تازہ ہوگیا اور ملک کا دفاع اس کے لئے کہیں زیادہ مقدس فریضہ بن گیا۔ قوم نے کردار اور عمل سے ثابت کر دکھایا کہ وہ زندہ اور بیدار ہے۔ وہ ایسی قوم ہے جس کے لئے جان نثار کی جاسکتی ہے اور جس کے لئے جان کی قربانی کوئی بڑی قربانی نہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ فوج قومی عزم کی مظہر ہوتی ہے۔ قوم جیسا جانتی ہو اور جینے کے لئے مرنے پر تیار ہو اور زندگی اور موت کے تقاضوں کا شعور رکھتی ہو اور اس میں انا اور اقدار کے تحفظ کا صادق جذبہ ہو تو وہ باعزت موت کو بے آبروئی کی زندگی پر ہمیشہ ترجیح دے گی۔ کوئی فوج اپنی قوم سے مختلف نہیں ہوسکتی۔ نہ عمومی قومی جذبے سے بے تعلقی یا غیر متاثر رہ سکتی ہے۔ اس کا زندگی کا تصور اور مقصد قوم ہی کے تصور اور مقصد کا عکس ہوتا ہے۔ کوئی فوج اس قوم سے آگے یا برتر نہیں ہوسکتی جس کا دفاع کرنے پر وہ مامور ہوتی ہے۔

آپ نے ٹھیک کہا ہے کہ آج کی جنگ ہمہ گیر جنگ ہے۔ اب جنگ وردی والوں تک محدود نہیں رہی۔ کوئی وردی میں ہو یا سادہ لباس میں۔ جنگ میں پوری طرح شریک ہے اور اس سے ہر طرح متاثر سب سپاہی ہیں۔ ہم وردی پہنے آپ وردی کے بغیر۔ فوجی اور عام شہری میں صرف وردی کا فرق ہے۔ ہم میں سے ہر ایک کو اپنی اپنی بساط کے مطابق ملک کے دفاع میں براہ راست اور مثبت حصہ لینا ہے۔ سپاہی جنگ میں جو کردار ادا کرتا ہے۔ وہ اس کل کا حصہ ہوتا ہے۔ جو بحیثیت عمومی قوم ادا کرتی ہے۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہونا چاہئے۔ کہ اس نے ہمیں متحد ہونے کی توفیق عطا کی اور ایک ایسے ابتلاء کا مقابلہ کرنے کے لئے طاقت اور ہمت دی جس سے ہماری ہستی اور سالمیت معرض خطر میں پڑ گئی تھی۔

میں آپ سے بالکل متفق ہوں کہ ہمیں ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر نہیں بیٹھ رہنا چاہئے۔ ہمارے دشمن بدستور ہمارے درپے ہیں۔ انہوں نے ہماری جداگانہ ہستی کو بالکل قبول نہیں کیا۔ امن کے قیام و دوام کے لئے کوشاں رہنا ہمارا فرض ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہونا چاہئے۔ کہ ہم بے خبر ہو کر بیٹھ جائیں اور دشمن کے عزائم سے غفلت برتنے لگیں۔ مجھے خوشی ہے کہ فوجی سائنس آپ کے نصاب میں شامل ہے۔ جہاں تک فوجی تربیت کا تعلق ہے۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ مرکزی اور صوبائی حکومتیں اس پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہیں۔ جب بھی آپ کے کالج میں فوجی تربیت رائج کرنے کا فیصلہ ہوا۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کی معاونت کے لئے میں ہر طرح حاضر ہوں گا۔

میرا پختہ یقین ہے کہ قومی نقطہ نگاہ سے فوجی تعلیم جنگ جیتنے کا ایک ذریعہ تو ہے واحد ذریعہ ہرگز نہیں۔ میرے نزدیک جس بنیاد پر ملکی دفاع کی عمارت اٹھائی جاتی ہے اس کے عناصر ترکیب بہت سے ہیں۔ قومی اتحاد، اخلاقی اقدار اور داخلی نظم وضبط اس کے ناگزیر لوازم ہیں۔ قومی تقدیر اور قومی مقصد پر ایمان کلی کسی طرح کمزوری نہیں۔ آخر کار سارا دارومدار اس پر ہوتا ہے کہ کوئی قوم اپنے بقاء اور تحفظ کا کس قدر قومی جذبہ یا عزم رکھتی ہے۔ یہ شعور جتنا زیادہ ہوگا۔ اسی قدر قوم میں مشکلات پر غلبہ پانے کی صلاحیت بڑھے گی اور وہ افراد تحفظ ملکی اور دفاع قوی میں پورے ذوق وشوق سے شریک ہوسکیں گے اور ایک دوسرے پر سبقت لے جانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔ تاریخی اسلامی ایسی مثالوں سے پُر رہی ہے اور آپ ان مثالوں سے بخوبی واقف ہیں کہ کس طرح مٹھی بھر مجاہدین نے اپنے سے کہیں زیادہ غنیم کا مقابلہ کیا اور اسے شکست دی۔ ان کامیابیوں کی وجہ برتر فوجی تربیت نہیں بلکہ یہ ایمان تھا کہ پیش نظر مقصد اتنا اعلیٰ اور برحق ہے کہ اس کے حصول کے لئے جان تک قربان کرنے سے دریغ نہیں کرنا چاہئے اس ایمان سے وہ اس قدر سرشار تھے کہ ان کی منزل اور منزل تک پہنچنے کی راہ متعین ہوگئی تھی اور ان میں بے پناہ ولولہ عمل پیدا ہوگیا تھا۔ ان کا ایمان تھا کہ ان کی جنگ ابلیسی قوتوں کے خلاف اور اسلام کی سربلندی کی خاطر ہے۔ انہیں فخر تھا کہ انہیں اسلام کا علمبردار ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ وہ جان تک دینے کے لئے تیار رہتے تھے تا کہ آنے والی نسلیں ان کی قربانیوں سے متمتع ہوسکیں۔ اسلام ان قربانیوں کی بدولت غالب رہا اور دنیا کے گوشے گوشے میں پھیلا ان قربانی دینے والوں کا ہی صدقہ ہے کہ ہم آج یہاں موجود ہیں ان کے جذبہ ایمانی نے دشمن کی کثرت کو قلت اور غلبے کو شکست میں بدل کے رکھ دیا۔ تنہا فوجی تعلیم کے بل بوتے پر کبھی یہ حیرت انگیز کارنامے سرانجام نہ دیئے جاسکتے۔ نہ ایسے تابناک نتائج پیدا کئے جاسکتے!!

تعلیمی اداروں کی ذمہ داری بڑی اہم ہے انہیں واضح کردار ادا کرنا ہے اور طلباء میں داخلی نظم وضبط اور جذبہ ایمانی پیدا کر کے ان کا اخلاقی معیار بلند کرنا ہے تا کہ وہ مستقبل کی جنگوں کے لئے تیار ہوسکیں۔ یہ کہنے کو تو ہر کوئی کہتا ہے۔ کہ واٹرلو کی جنگ ایٹن اور ہیرو (درسگاہوں) کے کھیل کے میدانوں میں جیتی گئی۔ لیکن اسے سمجھا بہت کم جاتا ہے۔ میں اس کالج کے عملہ کو بڑی تاکید سے کہوں گا کہ وہ تعلیم کے اس پہلو پر خاص توجہ دیں۔ فوجی تربیت سے یہ بہت زیادہ اہم ہے میں طلباء کے والدین اور سرپرستوں سے بھی یہی گزارش کروں گا کہ وہ اپنی ذمہ داری محسوس کریں اور اس سے عہدہ برآ ہوں۔ ہر چند اساتذہ سیرت کے لئے بڑا کام کر سکتے ہیں تاہم اگر والدین اپنے فریضے کی بجا آوری میں غفلت برتیں تو استادوں کی محنت رائیگاں جائے گی۔ استاد اسی بنیاد پر کردار کی تعمیر کر سکتے ہیں جو گھر کی فضا میں تیار ہو کر انہیں ملتی ہے۔ بچوں کی طرف سے یہ ہم پر حق اور قوم کی طرف سے یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ ہم اس بنیاد کو بہتر بنائیں۔ پہلے گھروں میں پھر تعلیم گاہوں میں آج طلباء فارغ التحصیل (گریجوایٹ) ہو کر جا رہے ہیں میں انہیں مبارک باد دیتا ہوں اور مستقبل کے لئے ان کے حق میں دعا کرتا ہوں لیکن میں انہیں یاد دلانا چاہتا ہوں کہ امتحان میں کامیابی اور سند کا حصول نشان منزل ہیں۔ منزل نہیں۔ یہ اعلان ہے درسگاہ میں باقاعدہ تعلیم کی تکمیل کا حصول علم کے خاتمے کی دلیل نہیں۔ تعلیم کا سلسلہ ان ڈگریوں کے ساتھ ختم نہیں ہو جاتا بلکہ چلتا رہتا ہے۔ کالج کی تعلیم آپ میں مطلوبہ ذہنی استعداد پیدا کر کے آپ کو وہ بنیاد مہیا کر دیتی ہے۔ جس پر زندگی بھر آپ علم کی عمارت تعمیر کرتے رہتے ہیں۔ آپ میں سے جو کوئی بھی آج اپنا سلسلہ تعلیم کا ختم کر دے گا۔ وہ ناخواندہ بن کر رہ جائے گا۔ تعلیم کا مفہوم اور دائرہ بہت وسیع ہے۔ اسے نصاب کے پڑھنے اور امتحانی سوالات کا جواب دینے تک محدود نہیں کیا جاسکتا۔ یہ نہ بھولیئے کہ اپنی ذات کے ساتھ ساتھ آپ پر قوم کی طرف سے بھی کچھ فریضہ عائد ہوتا ہے۔ قوم کا مستقبل آنے والی نسلوں سے تشکیل پذیر ہوتا ہے۔ ہماری آنے والی نسلیں آپ ہیں۔ قوم کا مستقبل آپ ہیں ہم ایک چھوٹی سی اور ترقی پذیر قوم ہیں۔ جو گوناگوں معاشی، سیاسی اور عسکری مسائل سے دوچار ہے۔ ہم میں سے ایک ایک پر لازم آتا ہے کہ وہ پوری اور مخلصانہ کوشش کرے۔ تا کہ ملکی استحکام اور سالمیت کو فروغ حاصل ہو۔ آج کی نسل پر آنے والی نسلوں کی طرف سے بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے ملک کے مستقبل کا دارومدار ان کی جدوجہد پر ہوگا۔ جو آج زندہ ہیں۔ مستقبل کو یہ کہنے کا موقع نہ دیجئے کہ ہم نے اپنے فریضہ کی بجاآوری میں کوتاہی برتی۔ آپ خوش قسمت ہیں کہ آپ تعلیم کی دولت سے بہرہ ور ہوئے۔ ہمارے ملک میں خواندگی کا تناسب اتنا کم ہے کہ آپ کا شمار دانشوروں میں ہونے لگے گا اور لوگ آپ سے راہنمائی کی توقع کریں گے۔ آپ کو اپنے کردار سے اس راہنمائی کا اہل ثابت کرنا ہوگا اور ایسی مثال قائم کر کے دکھانی ہوگی جو دیگر افراد ملت کے لئے قابل تقلید ہو۔

آپ میں ایسے بھی ہیں جنہیں ابھی تعلیم جاری رکھنا ہے۔ ان کو میری یہی نصیحت ہے کہ وہ اس موقع سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں جو آج انہیں خوش قسمتی سے حاصل ہے۔ مواقع بار بار ہاتھ نہیں آتے۔ افراد اور اقوام کی کامرانیوں اور ناکامیوں کی داستان اس سے عبارت ہے کہ انہوں نے پیش نظر مواقع سے فائدہ اٹھایا یا انہیں کھو دیتے رہے۔ اس مرحلے پر آپ کے سامنے ایک ہی مقصد ہے اور وہ یہ کہ آپ اپنی تمام تر توجہ اپنی تعلیم پر مرکوز رکھیں اور مستقبل کے لئے پوری تیاری کریں۔ ہم بڑی تیز رفتار دنیا میں جی رہے ہیں۔ آپ گھر اور درسگاہ کی محفوظ چار دیواری سے نکلیں گے تو آپ کو بڑا سخت مقابلہ درپیش آئے گا۔ آپ ایسی دنیا میں داخل ہوں گے جس میں بقائے اصلح کا اصول بڑی شدت سے کارفرما ہے۔ اس سے نہ کسی کو امان ملتی ہے نہ امان کی توقع کی جاسکتی ہے۔ وقت اور حالات نے نہ کسی کا انتظار کیا ہے نہ آپ کا کریں گے۔ زندہ رہنے کے لئے آپ کو دوسروں سے قدم ملا کر چلنا ہوگا۔ اس

دوڑ میں سست کمزور اور ڈانواڈول کے لئے کوئی گنجائش نہیں۔ جو کوئی بھی رفتار برقرار نہیں رکھ سکتا وہ پیچھے ہی نہیں رہ جاتا بلکہ کچلا بھی جاتا ہے۔ مستقبل میں آپ جن جنگوں سے دوچار ہوں گے وہ آپ اپنے کردار اور علم کے اسلحہ کی مدد سے ہی کامیابی سے لڑسکیں گے۔ ان کا بس اللہ ہی مالک ہے جو اس محاذ پر مسلح ہو کر نہیں آتے!

بدقسمتی سے طلبہ کو جادۂ تعلیم سے ہٹانے کے لئے کئی عوامل کارفرما ہیں۔ ایسے خودغرض اور غیر ذمہ دار عناصر کی ہمارے ہاں کمی نہیں جو طلباء کو اپنی مطلب براری کے لئے استعمال کرنے تک سے گریز نہیں کرتے۔ ایسے لوگ آپ کے دوست یا بہی خواہ نہیں ہوسکتے۔ انہیں آپ کے مستقبل میں ذرہ بھر دلچسپی نہیں۔ ان کی دلچسپی اپنے آپ سے ہے وہ اپنے مطلب کے لئے آپ کے مفاد کو قربان کردینے میں ذرہ بھر تامل نہیں کریں گے۔ ان سے بچ کر رہیئے۔

میں ایک انتباہ بھی ضروری سمجھتا ہوں غیر ملکی طرز زندگی کا اندھا دھند اختیار کرنے کا رجحان بہت عام ہو گیا ہے۔ یہ وقت کا فیشن بن گیا ہے۔ ہر ملک یا علاقے کا اپنا طرز زندگی ہوتا ہے اور وہ نتیجہ ہوتا ہے اس کے ثقافتی ورثے، اخلاقی اقدار معتقدات اور ماحول کا، یہ ضروری نہیں کہ ایک ملک یا علاقے میں جس طرز کو مستحسن یا روا گردانا جائے۔ اسے دوسری جگہ بھی ویسے ہی سمجھا جائے۔ ہمارا اپنا خصوصی تمدن ہے اور ہمیں اس پر بجا طور پر فخر ہے دنیا نے ہمارے تمدن سے بہت کچھ سیکھا اور لیا ہے۔ دور غلامی کا یہ افسوس ناک نتیجہ ہے کہ ہم بیرونی منڈیوں میں مال تلاش کرنے سے پہلے یہ دیکھ لینے کی زحمت گوارا نہیں کرتے ہیں کہ اپنے ہاں کیا موجود ہے۔ اگر ہم ذرا جائزہ لیں تو معلوم ہوجائے گا۔ کہ تمدن ایک ایسی شئے ہے جسے درآمد کرنے کی ضرورت نہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ہم دل و دماغ کے تمام دروازے بند کرکے بیٹھ جائیں اور بیرونی دنیا سے کوئی واسطہ نہ رکھیں۔ اچھی چیز جہاں کہیں بھی ہو اسے حاصل کرلینا چاہئے۔ لیکن ہمیں ان راستوں پر آنکھیں بند کرکے نہیں چلنا چاہئے جو ہمیں منزل مقصود کی طرف لے جانے کی بجائے غلط سمت پر ڈال دینے کا موجب بنتے ہیں۔

آخر میں ایک بار پھر میں پرنسپل صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے مجھے اس تقریب کی صدارت کرنے کی دعوت دی۔ جیسا کہ ان کی رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے اس کالج نے تعلیم، کھیل اور دیگر کئی شعبوں میں ترقی حاصل کی ہے۔ میری دعا ہے کہ یہ درس گاہ آئندہ بھی ترقی کرنے اور پھلنے پھولنے میں فارغ التحصیل گریجوایٹوں کو ایک بار پھر مبارک باد دیتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ وہ آئندہ بھی کامران و شاد ہوں۔

(سیارہ ڈائجسٹ ستمبر 1966ء صفحہ 77-80)

☆☆☆

جنرل اختر حسین ملک (ہلال جرأت) ۔ معرکۂ کشمیر کا مرد میدان

مکرم پروفیسر راجا نصراللہ خان صاحب

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مسلمانان ہند نے قائداعظم کی بے مثالی قیادت میں مسلم لیگ کے جھنڈے تلے یک جان اور یک زبان ہوکر آزادی کی منفرد جنگ لڑی اور خاص نصرت الٰہی سے 14 اگست 1947ء کو پاکستان معرض وجود میں آگیا۔ یہ عظیم منزل قائداعظم کی انتھک و بے لوث کوششوں اور قوم کے کلمہ طیبہ کو اساس اور اتحاد یقین کرکے باہم متحد و منضبط ہوجانے کی برکت سے حاصل ہوئی۔

پھر ستمبر 1965ء میں قوم کے باہمی اتحاد اور صدر ایوب خان کی قوم کے نام تقریر میں کلمہ طیبہ کی برکت کا دوسرا بڑا نظارہ پاک بھارت جنگ کے دوران دیکھنے میں آیا۔ جب پاکستانی عوام کے بھرپور ولولے اور تعاون سے افواج پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کے دانت کھٹے کردیئے اور ارض پاک کا نہ صرف بڑی کامیابی سے دفاع کیا بلکہ کئی محاذوں پر بھارت کو شکست سے دوچار کیا۔

قومی اتحاد کی برکت سے متعلق دو حوالے پیش کئے جاتے ہیں:۔

(1) نوائے وقت کے دینی کالم نوربصیرت مورخہ 26 اپریل 2004ء میں میاں عبدالرشید کی تحریر سے اقتباس پڑھئے۔

"عوام کا حوصلہ اور جذبہ بلند الہ دین کے چراغ سے زیادہ فوری نتائج پیدا کرسکتا ہے۔ بشرطیکہ اس کی قدر کی جائے۔ 1947ء میں قیام پاکستان کے موقع پر عوام میں یہ جذبہ پیدا ہوا تھا...... 1965ء میں جب صدر ایوب نے کہا کہ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے بزدل دشمن پر ٹوٹ پڑو تو قوم کا عزم پھر جوان ہوگیا ساری قوم اٹھ کھڑی ہوئی۔ جرائم پیشہ لوگوں نے برائی چھوڑ دی۔ کراچی سے پشاور تک ریلوے کی حفاظت لوگوں نے ازخود رضاکارانہ طور پر کی۔ ہر محاذ پر دیگیں پکوا کر بھیجیں راتوں کو اٹھ کر پہرے دیئے۔"

(نوائے وقت 26 اپریل 2004ء)

(2) مضمون نگار میاں ظفیر احمد اپنے مضمون قول فیصل مطبوعہ نوائے وقت مورخہ 26 اگست 2004ء (ادارتی صفحہ) میں تحریر کرتے ہیں:۔

"کبھی تو یہ سوچنے کی زحمت کریں کہ آپ کے بزرگوں کو بھارت جیسے قدیم ملک میں بھانت بھانت کی قوموں سے واسطہ تھا۔ اس پر مستزاد انگریزوں کی غلامی تھی۔ ہم نے وہ ساری جنگیں اس لئے جیت لیں کہ ہم ایک اللہ، ایک رسول، ایک کتاب پر پورا یقین رکھتے اور اس حیثیت سے بھارت جیسے بڑے ملک کے مختلف صوبوں، علاقوں میں رہنے، مختلف زبانیں اردو، بنگلہ، مراٹھی، تامل، تلگو بولتے ہوئے دھوتی، لنگی، چوڑی دار پاجاموں، شلوار قمیص پہنتے ہوئے بھی وحدت کلمہ کی بنیاد پر ایک قوم رہے"۔

(نوائے وقت 26 اگست 2004ء)

ستمبر 1965ء کا ایک قابل ذکر معرکہ

ستمبر 1965ء کی پاک بھارت جنگ کا ایک عظیم الشان اور قابل ذکر معرکہ چھمب و جوڑیاں (مقبوضہ کشمیر) کا ہے جہاں پاکستانی جوانوں اور دلاوروں نے جنرل اختر حسین ملک کی زیر قیادت مقبوضہ کشمیر کے اندر جاکر بھارتی فوجوں کو ایسی عبرتناک اور بے مثال شکست دی کہ اب تک اس تاریخی فتح کے چرچے مختلف قومی اخبارات میں مضامین کی شکل میں ہوتے رہتے ہیں۔

ایک مضمون جو پڑھنے کے لائق ہے۔

جیسا کہ عرض کیا جاچکا ہے کبھی کبھار جنگ ستمبر اور Operation Grand Slam (جس کا ایک اہم حصہ چھمب جوڑیاں محاذ تھا) کے حوالے سے مختلف اہل علم و قلم کے معلومات افزاء مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں لیکن خاکسار اس وقت بریگیڈیئر (ر) شوکت قادر کے ایک حد درجہ معلوماتی اور حقیقت افروز مضمون "Operation Grand Slam 1965" کے حوالے سے کچھ ضروری باتیں قارئین کرام کے گوش گزار کرنا چاہتا ہے۔ بریگیڈیئر شوکت قادر کا متذکرہ مضمون انگریزی اخبار "ڈیلی ٹائمز" لاہور کی اشاعت مورخہ 4 اکتوبر 2003ء میں شائع ہوا ہے۔ آپریشن گرینڈ سلیم کا ذکر کرنے سے پہلے ایک دو سطور "آپریشن جبرالٹر" کے متعلق لکھنا ضروری ہے۔ یہ آپریشن نسبتاً پہلے شروع کیا گیا تھا اور اس کا مقصد مقبوضہ کشمیر میں کشمیری قوم کے اندر جذبہ حریت اور ہمت و ولولہ کو تازہ اور اجاگر کرنا تھا تاکہ وہ اپنی جدوجہد آزادی کو تیز کرکے کامیابی سے ہمکنار کرسکیں۔

آپریشن گرینڈ سلیم کے تعارف کے طور پر متذکرہ مضمون (مطبوعہ ڈیلی ٹائمز لاہور مورخہ 4 اکتوبر 2003ء) کے شروع میں بریگیڈیئر شوکت قادر تحریر کرتے ہیں:۔

آپریشن گرینڈ سلیم ان متعدد امکانی منصوبوں میں سے ایک تھا جو آپریشن جبرالٹر کے مددگار منصوبوں کے طور پر تیار کئے گئے تھے۔ ...... بہت سے لکھنے والوں نے اس منصوبے کو ذوالفقار علی بھٹو سے منسوب کیا ہے۔ یہ بات درست نہیں ہے یہ ایک ممکنہ منصوبہ تھا جسے سوچ سمجھ کر بنایا گیا تھا اور مسٹر بھٹو کو پسند آیا تھا۔ ...... یہ منصوبہ فوج کا حد درجہ قابل عمل اور دانشمندانہ انتخاب تھا۔

اس آپریشن کے اہداف اور تقاضوں کے متعلق بریگیڈیئر شوکت قادر لکھتے ہیں:۔

اس آپریشن کے چار مدارج تھے۔

(1) چھمب پر قبضہ کرنا۔ (2) دریائے توی کو پار کرکے اپنی نفری اور پوزیشن مستحکم کرنا۔ (3) اس کے بعد اکھنور پر قبضہ کرنا۔ (4) آخرکار بھارت کی سپلائی لائن کاٹ دینا اور راجپوری کو زیر نگیں کرنا۔ دشوار گزار علاقے کے باوجود جس میں ایک دریا کو بھی عبور کرنا تھا، کامیابی کے امکان کا دارومدار اس منصوبہ کی بے باک جراتمندی پر تھا۔ تیز رفتاری سے کارروائی کرنا ازبس ضروری تھا کیونکہ تاخیر کا مطلب یہ ہوگا کہ ہندوستانی اکھنور کو اضافی اور تازہ کمک مہیا کرلیں گے اور اسے ناقابل تسخیر بنادیں گے۔

مہم کی قیادت کا اہل کون؟

اس ضمن میں بریگیڈیئر شوکت قادر لکھتے ہیں:۔

میں نے اپنے گزشتہ ہفتے کے مضمون میں میجر جنرل اختر ملک کے متعلق چند کلمات تو کہے تھے لیکن وہ کافی نہیں تھے۔ وہ ایک دلیر اور جری کمانڈر تھے جو دباؤ میں بھی گھبراتے نہیں تھے اور پُرسکون رہتے تھے اور اپنے جوانوں میں اعتماد کی جوت جگا دیتے تھے۔ نہ صرف افسروں میں بلکہ سپاہیوں میں بھی۔ جس سے ان لوگوں کے حوصلے کہیں بلند ہوجاتے۔

جنرل ملک! اس طرح کی مہم Grand Slam کے لئے بہترین صلاحیتوں والے کمانڈر تھے۔

(مضمون مطبوعہ ڈیلی ٹائمز لاہور 4 اکتوبر 2003ء)

جنرل اختر ملک کی شجاعت

آپریشن گرینڈ سلیم جیسی زبردست مہم کی قیادت کے لئے جنرل اختر ملک کے ہر لحاظ سے اہل اور قابل اعتماد ہونے کا ذکر آپ نے بریگیڈیئر شوکت قادر کے الفاظ میں پڑھا۔ اس مہم کا دلچسپ اور حیرت انگیز تذکرہ جاری رکھنے سے قبل ہم قارئین کرام کی خدمت میں چند اور اعلیٰ فوجی افسروں اور تجزیہ نگار حضرات کے حوالے پیش کرتے ہیں جن سے مزید واضح ہوجائے گا کہ جنرل اختر ملک کی جرأتوں اور صلاحیتوں کا کس طرح برملا اعتراف کیا گیا ہے۔ حوالے ملاحظہ فرمائیے۔

معروف تجزیہ نگار معین باری لکھتے ہیں:۔

جنرل اختر حسین ملک کو فوت ہوئے اگرچہ کئی سال گزر چکے ہیں لیکن فوج کے اندر آج بھی ان کا نام

عزت واحترام سے لیا جاتا ہے۔ وہ بڑے بہادر اور جنگجو قسم کے کمانڈر تھے وہ ایسے جرنیلوں میں سے تھے جو جذبہ شہادت سے سرشار ہوتے ہیں جو طاقتور دشمن کے سامنے بھی بڑے بڑے خطرات مول لے لیتے ہیں''۔ (روزنامہ جنگ لاہور 7 اگست 1985ء ص3)

کشمیر کی پہلی جنگ (48-1947ء) میں حصہ لینے والے کرنل صدیق راجہ اپنے انٹرویو مطبوعہ ماہنامہ حکایت میں پاک فوج اور مایہ ناز سپوت جنرل اختر حسین ملک کو یوں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

پاک فوج اور آزاد کشمیر کی فوج نے چھمب سیکٹر سے انڈین آرمی کو بھگایا اور برق رفتار پیش قدمی کرتی چلی گئی۔ دو تین دنوں بعد اکھنور پر قبضہ ہو جاتا اور پورے کا پورا کشمیر سیل یعنی سر بمہر ہو جاتا اور اس کے اندر کی تمام انڈین آرمی ہماری قیدی ہوتی لیکن ایوب خان نے اس کامیابی کو تباہ کرنے کے لئے اکھنور پہنچنے سے پہلے ہی کمانڈ تبدیل کر دی اور ایک شیر دل جرنیل اختر حسین ملک کو جو واقعی شیروں کی طرح دشمن پر جھپٹ جھپٹ کر آگے بڑھ رہا تھا، پیچھے بھیج کر ایک شرابی کبابی اور عیاش جرنیل یحییٰ خان کو اس کی جگہ آگے بھیجا''۔

(ماہنامہ حکایت سالنامہ فروری 1997ء ص158)

سابق رکن قومی اسمبلی اور وفاقی وزیر میجر (ر) نادر پرویز نے اپنے انٹرویو میں جنرل اختر حسین کے متعلق اپنے خیالات محسوسات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

میجر جنرل اختر حسین ملک کے متعلق آپ کہہ سکتے ہیں کہ وہ سپر انٹیلی جینٹ اور جینئس تھے اور ترکی میں رہے ہیں جہاں امریکی اور غیر ملکی جرنیل بھی تھے اور اختر حسین ملک نے وہاں اپنا سکہ منوایا وہ لوگ اس بات کے قائل ہوگئے کہ ہاں پاکستانی فوج میں کوئی جرنیل ہے۔ 1965ء کی جنگ کی انہوں نے پلاننگ کی تھی اگر ہم اس پلاننگ کے تحت چلتے رہتے تو اکھنور قبضے میں آجاتا۔ اکھنور قبضے میں آجاتا تو سیالکوٹ محفوظ پوزیشن میں ہوتا کیونکہ اکھنور انڈین کی لائن آف کمیونیکیشن تھی''۔

(مشہور صحافی منیر احمد منیر کی مرتب کردہ کتاب ''المیہ مشرقی پاکستان کے پانچ کردار'' ص203 آتش فشاں پبلیکیشنز)

سابق کمانڈر انچیف جنرل گل حسن کی یادداشتیں 1991ء میں آکسفورڈ یونیورسٹی پریس نے شائع کیں۔ اپنی کتاب کے ص178 پر جنرل گل حسن ان الفاظ میں جنرل اختر حسین ملک کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

''جنرل ملک بڑی کرشماتی اور ذہین شخصیت کے مالک تھے۔ نوجوان افسروں اور جوانوں کے مزاج پر انہیں پورا قابو حاصل تھا۔ وہ سنجیدہ مزاج اور زرخیز ذہن والے سپاہی تھے''۔

جنرل (ر) جہاں درد خاں اپنی خود نوشت ''پاکستان۔ قیادت کا بحران'' (پبلشرز ادارہ جنگ) کے ص32 پر جنرل اختر ملک کا ان شاندار الفاظ میں ذکر کرتے ہیں:۔

''بریگیڈیئر (بعد میں جنرل) اختر پیشہ وارانہ سرگرمیوں میں غیر معمولی طور پر اختراعی ذہن کے مالک تھے اور وہ اپنی بے پناہ مہارت اور قائدانہ صلاحیتوں کی وجہ سے عزت واحترام سے دیکھے جاتے تھے۔ بریگیڈیئر اختر نے (بعد ازاں لیفٹیننٹ جنرل) آپریشن جبرالٹر کو نہ صرف تخلیق کیا بلکہ عملی جامہ پہنایا''۔

باکمال جنرل

کرنل ریٹائرڈ رفیع الدین نے اپنی کتاب ''بھٹو کے آخری 323 دن'' کے صفحہ 66 پر لکھا ہے:۔

''ایک دن پاک بھارت جنگ 1965ء کا ذکر چھڑا...... بھٹو صاحب کہنے لگے جنرل اختر ملک کو کشمیر کے چھمب جوڑیاں محاذ پر نہ روک دیا جاتا تو وہ کشمیر میں ہندوستانی افواج کو تہس نہس کر دیتے مگر ایوب خان تو اپنے چہیتے یحییٰ خان کو ہیرو بنانا چاہتے تھے۔ 1965ء کی جنگ کے اس تذکرے کے دوران بھٹو صاحب نے جنرل اختر ملک کی بے حد تعریف کی کہنے لگے اختر ملک ایک باکمال جنرل تھا۔ وہ ایک اعلیٰ درجے کا سالار تھا۔ وہ بڑا بہادر اور دل گردے کا مالک تھا اور فن سپہ گری کو خوب جانتا تھا۔ اس جیسا جنرل پاکستانی فوج نے ابھی تک پیدا نہیں کیا''۔

(بھٹو کے آخری 323 دن'' ص66)

جنرل (ر) نصیر اختر سابق کور کمانڈر کراچی سے ایک انٹرویو میں سوال کیا گیا۔

سوال: آپ کو پاکستانی جرنیلوں میں سے کون سب سے زیادہ پسند ہے۔

جواب: میرا خیال ہے کہ ہر کسی نے اپنے طور پر بہتر کردار ادا کیا۔ لیکن میرے نزدیک جنرل اختر حسین ملک عظیم سپاہی اور جنرل تھے۔

(جنگ سنڈے میگزین 8 جون 2003ء ص12 کالم 4)

چھمب کے محاذ کی اہمیت

ستمبر 1965ء کے معرکہ ہندو پاک کی تفصیلات کے متعلق سینئر صحافی شریف فاروق کی کتاب ''پاکستان میدان جنگ میں'' بہت اہمیت رکھتی ہے۔ یہ کتاب جنگ ستمبر کے چند ماہ بعد جنوری 1966ء میں منظر عام پر آگئی تھی۔

چھمب محاذ کی اہمیت اور اس محاذ کو سر کرنے سے متعلق شریف فاروق تحریر کرتے ہیں۔

چھمب گزشتہ 17 سال سے بھارت کا بہت بڑا گڑھ تھا۔ یہاں انہوں نے اتنی بھاری تعداد میں خوراک، اسلحہ اور گولہ بارود کے ذخیرے لے کر رکھے تھے۔ اگر وہ یہاں سالوں تک لڑنا چاہتے تو کافی ہوتے لیکن پاکستان کی جواں ہمت بہادر اور نظم و ضبط میں اپنی نظیر آپ فوجوں کے ایک ہی ہلے نے ان کے قدم اکھاڑ دیئے اور اس نے دشمن کے سامنے راہ فرار کے سوا دوسرا کوئی راستہ کھلا نہ چھوڑا۔

چھمب پر قابض ہونے کے بعد پاکستانی فوجوں نے کسی مقابلہ کے بغیر دریائے توی عبور کر لیا۔ اس کے بعد وہ برق رفتاری سے بھارت کے مضبوط گڑھ جوڑیاں کی طرف بڑھنے لگیں۔ چھمب کے سیکٹر میں پاکستان کے حملہ کو فوجی زبان میں عظیم تباہ کن حملہ (Grand Slam) کا نام دیا اور یہ واقعی تباہ کن ثابت ہوا۔ یعنی بھارتی فوج کو چھمب سیکٹر میں مکمل تباہی سے ہمکنار کر دیا گیا۔

(کتاب ''پاکستان میدان جنگ میں'' ص113)

دوسرا حوالہ تحریک آزادی کے کارکن خواجہ افتخار کے مضمون ''جب پوری قوم ایثار وقربانی کا پیکر بن گئی'' سے پیش کیا جاتا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ جنرل اختر حسین ملک کی قیادت میں پاک فوج کے افسروں اور جوانوں نے چھمب کے محاذ پر کیسی زبردست کامیابی حاصل کی تھی۔ خواجہ افتخار اپنے متذکرہ مضمون میں تحریر کرتے ہیں:۔

''انہی دنوں مجھے واہگہ، کھیم کرن، سیالکوٹ کے (چونڈہ) اور چھمب جوڑیاں کے محاذوں پر جانے اور فوجی جوانوں کے جذبوں کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا...... بھارتی فوج چھمب کے فلک بوس پہاڑوں کے فولادی مورچوں میں بیٹھ کر کھلے میدان میں پیش قدمی کرنے والے پاک فوج کے جوانوں پر اندھا دھند گولے برسا رہی تھی۔ مگر آفرین ہے ہماری فوج کے جیالوں کی ہمت مردانہ پر کہ وہ اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرتے ہوئے اس حد تک آگے بڑھتے چلے گئے کہ وہ بزدل آہنی مورچوں سے دم دبا کر بھاگنے پر مجبور ہوگئے۔ اس موقع پر میں نے بھارتی فوجی بھگوڑوں کی سینکڑوں جوتیاں اور نیکریں دریائے توی کے کنارے (چھمب) کے میدان میں بکھری ہوئی دیکھیں۔ جس سے اندازہ ہوتا تھا کہ بھارتی بھگوڑے پاکستانی فوج سے اس حد تک خوفزدہ ہوگئے تھے کہ اپنے پاؤں کی جوتیاں تک چھوڑ کر بھاگ گئے''۔

(نوائے وقت اشاعت خاص 6 ستمبر 2005ء کالم 4)

ہر قدم کارگر ہر نظر بارور

چھمب آپریشن میں جنرل اختر ملک اور آپ کے ساتھیوں نے واقعتاً عظیم کامیابی اور فتح حاصل کی اور دشمن کو ایسا زبردست نقصان پہنچایا کہ یہ آپریشن واقعی Grand Slam ثابت ہوا۔ اس زبردست یلغار کی دلچسپ تفصیل کے متعلق دو تین اور حوالے پیش کئے جاتے ہیں۔

بریگیڈیئر شوکت قادر کے مضمون کا یہ حصہ پڑھئے۔

''آپریشن (Grand Slam) یکم ستمبر کو صبح سویرے 5 بجے شروع ہونا تھا۔ یہ منصوبہ بندی کے مطابق شروع ہوا۔ چھمب مقررہ وقت کے اندر سرنگوں ہوگیا اور پہلی روشنی کے جلد بعد صبح سات بجے کے قریب ہماری افواج نے دریائے توی کو عبور کرنا شروع کر دیا۔ آگے کی جنگی کارروائی تیزی سے جاری رہی اور بعد دوپہر ایک بجے تک افواج نے اپنی نفری اور پوزیشن مستحکم کر لی اور اب وہ اپنے مربوط خطوں میں داخل ہونے کے لئے تیار ہی کھڑی تھیں۔ یہاں سے روشنی ختم ہونے سے کافی وقت پہلے قریباً 3 بجے سہ پہر کو اکھنور پر حملے کا آغاز کیا جاسکتا تھا۔ بہرحال اکھنور تک پہنچنا ہماری قسمت میں نہ تھا (کیونکہ کمانڈر اختر ملک اور ان کے لشکر کو جاری کارروائی کے درمیان میں روک دیا گیا۔ مترجم) (ڈیلی ٹائمز 4 اکتوبر 2003ء)

کرنل (ر) محمد عبدالحق مرزا شیر جنگ (یکے از مجاہدین آپریشن جبرالٹر) کا ایک مضمون بعنوان ''آپریشن جبرالٹر'' میں لکھتے ہیں:۔

پھر چھمب جوڑیاں کے روایتی کامیاب آپریشن کا جو عبرتناک حشر جنرل اختر ملک مرحوم کو کمان سے علیحدہ کر دینے کے باعث ہوا اس کا کیا جواز تھا۔

تنہا اکھنور پاکستانی غازیوں کے پاؤں کی چاپ سننے کا منتظر جموں میں کھلبلی مچی ہوئی''!

(نوائے وقت مورخہ 2 جنوری 1990ء)

دشمن نے اکھنور بھی خالی کر دیا تھا!!

بریگیڈیئر (ر) افتخار سرفراز ''نوائے وقت'' سنڈے میگزین سے گفتگو کرتے ہوئے یہ افسوسناک انکشاف کرتے ہیں:۔

''اس روز ہم فتح کے بہت قریب تھے میرا دعویٰ ہے کہ جو پاک آرمی کی پوزیشن 65ء میں تھی اس سطح پر ہم اب تک نہیں آسکے۔ اب کئی باتیں ایسی ہیں جن پر تبصرہ کرنے سے بہت سے راز سامنے آجائیں گے۔ انہیں رہنے دیں...... جنگ کے بعد ہمارے ایک دوست (میں نام نہیں بتاؤں گا) امریکہ گئے۔ انہیں ایک سکھ آفیسر نے کہا کہ آپ کو کیا ہوا تھا ''اکھنور'' تو تمہارے سامنے خالی پڑا تھا...... آپ پیچھے کیوں ہٹ گئے؟

(نوائے وقت سنڈے میگزین 5 ستمبر 1999ء ص10)

چھ ستمبر کا جذبہ

اداریہ کی یہ سطور ملاحظہ فرمائیں۔

''1965ء کی جنگ کی وجوہات بھی کسی سے پوشیدہ نہیں، اس کے پس منظر میں مسئلہ کشمیر تھا۔ جسے اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں استصواب کے ذریعے حل کرنے کے لئے بھارت آمادہ نہیں تھا اور پاکستان ''تنگ آمد بجنگ آمد'' کے مرحلے میں داخل ہوا تو اس نے ایک فوجی معرکہ آرائی ''رن آف کچھ'' میں کی جو پاکستان کی کامیابی پر منتج قرار دی جاتی ہے۔ دوسری فوجی مہم جوئی کشمیر میں کی گئی جس کے بارے میں امریکی سفیر متعینہ پاکستان نے واشنگٹن کو جو خفیہ رپورٹ بھیجی اس میں لکھا کہ

''بھارت جموں پر پاکستان کے حملے کا سامنا نہیں

کرسکا اور اکھنور پر دریائے چناب کے پل سے ایک سڑک جو کشمیر کو جاتی ہے۔ اس پر پاکستان قبضہ کرنے والا ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ بھارتی افواج کی رابطہ لائن منقطع ہوجائے گی''۔

(نوائے وقت 6 ستمبر 2003ء)

جیتی بازی ہار دی

اس افسوسناک امر پر جتنا بھی غور کیا جائے کہ کامیاب آپریشن کے دوران کمان کو تبدیل کرنا سراسر خسارے کا سودا ہوتا ہے۔ اسی قدر یہ بات واضح ہو جائے گی کہ اکھنور کی طرف تیز رفتار پیش رفت کے دوران جنرل اختر ملک کو تبدیل کرنا جیتی ہوئی بازی ہار دینے کی بدترین مثال ہے۔ منصوبے کے مطابق اکھنور پر قبضہ کرکے انڈیا کی سپلائی لائن کاٹ دینے سے بھارتی فوج بری طرح مفلوج اور ناکام ہو جاتی اور اسے لاہور اور پھر سیالکوٹ پر حملہ کرنے کا موقع ہی نہ ملتا اور اس طرح 1965ء کی جنگ کا نقشہ پوری طرح پاکستان کے حق میں ہوتا اور مقبوضہ کشمیر کا مسئلہ بھی کامیابی اور فتح کے ساتھ حل ہوجاتا۔

اس سلسلہ میں عسکری ماہرین اور سیاسی تجزیہ نگاروں نے بہت وضاحت سے لکھا ہے۔ چند حوالے ملاحظہ فرمائیں۔

بریگیڈیئر (ر) شوکت قادر اپنے انگریزی مضمون ''آپریشن گرینڈ سلیم 1965ء مطبوعہ ڈیلی ٹائمز لاہور 4/ اکتوبر 2003ء کے کالم نمبر 3 میں بتاتے ہیں کہ:

''کامگار کمانڈر (جنرل اختر ملک ۔ مترجم) کو واپس آنے کا حکم دے کر قیمتی وقت ضائع کر دیا گیا۔ ......اسی دوران اکھنور کو اضافی کمک کے ذریعے مضبوط بنا لیا گیا اور وہ ہدف ناقابل حصول ہوگیا۔ شائد اگر اکھنور پر قبضہ ہو جاتا اور ہندوستان کی سپلائی لائن کاٹ دی جاتی تو ہندوستان کبھی بھی سیالکوٹ پر حملہ آور نہ ہوتا!!

عسکری تجزیہ نگار بریگیڈیئر (ر) شمس الحق قاضی کا ایک مضمون بالاقساط روزنامہ نوائے وقت میں شائع ہوا ہے۔ اس کی قسط نمبر 2 (مطبوعہ نوائے وقت 20 دسمبر 2005ء) میں صاحب مضمون لکھتے ہیں:۔

''ستمبر 1965ء میں اکھنور کے محاذ پر پاکستانی دستوں نے بجلی کی سی تیزی کے ساتھ چھمب کے مقام پر دریائے توی کو عبور کرکے جوڑیاں کے اہم مقام پر قبضہ کرتے ہوئے بھارتی دفاعی لائن کو تہس نہس کر دیا اور بلکہ ایک پوری بھارتی آرٹلری رجمنٹ ساری توپوں اور گولہ بارود سمیت قبضہ میں کرلی اور اب جبکہ دریائے چناب پر اکھنور کا اہم ترین ٹارگٹ صرف چند میل ہی دور رہ گیا تھا اور اس پر قبضہ دنوں کی نہیں بلکہ چند گھنٹوں کی بات رہ گئی تھی۔ تو صدر ایوب اور جنرل موسیٰ نے اکھنور پر حملہ جاری رکھنے کی بجائے جنرل اختر ملک کو تبدیل کرکے جنرل یحییٰ خان جیسے کھلنڈرے جرنیل کو اکھنور آپریشن کا کمانڈر مقرر کر دیا اور اس انتہائی بدقسمت اور مہلک تبدیلی کا نتیجہ ویسا ہی نکلا جیسا کہ 1948ء میں مجاہدین کے کمانڈر خورشید انور کے بارہ مولا پہنچ کر سری نگر پر حملہ جاری رکھنے کی بجائے آئندہ حکومت میں اپنا حصہ طے کرنے کے لئے کشمیری لیڈروں کی بارہ مولا کانفرنس ترتیب دینے کا نکلا تھا''۔

(مضمون مطبوعہ نوائے وقت 20 دسمبر 2005ء اداراتی صفحہ)

تجزیہ نگار معین باری اپنے مضمون کشمیر اور اخلاقیات میں لکھتے ہیں:۔

''ادھر اکھنور چند کلومیٹر پر تھا کہ فیلڈ مارشل نے اختر ملک کی جگہ جنرل یحییٰ خان کو جی او سی بنا دیا تھا تاکہ وہ اس فتح کا سہرا باندھ سکے۔ پیش قدمی چند دنوں کے لئے روک دی گئی۔ اس لئے کہ یحییٰ خاں شراب نوشی اور نئی منصوبہ بندی میں مصروف تھے۔ اس دوران بھارتی فوج نے مورچے مضبوط کر لئے''۔

(مطبوعہ نوائے وقت 26 دسمبر 2004ء)

روزنامہ نوائے وقت اشاعت خاص میں جنگ 1965ء کے متعلق ایک مجلس مذاکرہ کی رپورٹ شائع ہوئی ہے۔ اس میں بریگیڈیئر (ر) اسماعیل صدیقی کہتے ہیں:۔

''پاکستان کی زندگی میں دو مواقع ایسے آئے جب مسئلہ کشمیر کے حل ہونے کے امکانات پیدا ہوئے تھے، ان میں سے ایک 1962ء کا واقعہ جس کا تذکرہ قدرت اللہ شہاب نے اپنے سوانح ''شہاب نامہ'' میں کیا ہے۔ مسئلہ کشمیر کے حل کا دوسرا سنہری موقع 1965ء کی جنگ تھا۔ جس انداز سے ہماری فوج آگے بڑھ رہی تھی، اکھنور ساڑھے تین میل کے فاصلے پر تھا۔ اکھنور پر قبضہ ہو جاتا تو 3 ڈویژن بھارتی فوج سرنڈر کر دیتی۔ (نوائے وقت 6 ستمبر 2005ء کالم 8,7)

لاہور محاذ کے ہیرو جنرل سرفراز خان ہلال جرأت اپنے مضمون آپریشن جبرالٹر مطبوعہ جنگ لاہور 6 ستمبر 1984ء میں لکھتے ہیں:۔

''جس ہنرمندی سے اختر ملک نے چھمب پر اٹیک کیا اسے شاندار فتح کے علاوہ کوئی دوسرا نام نہیں دیا جاسکتا۔ وہ اس پوزیشن میں تھے کہ آگے بڑھ کر جوڑیاں پر قبضہ کرلیں۔ کیونکہ چھمب کے بعد یہاں دشمن کے قدم اکھڑ چکے تھے اور وہ جوڑیاں خالی کرنے کے لئے فقط پاکستانی فوج کے آگے بڑھنے کے انتظار میں تھے۔ مگر ایسا نہیں ہونے دیا گیا۔ کیونکہ پکی پکائی پر یحییٰ خان کو بٹھانے اور کامیابی کا سہرا ان کے سر باندھنے کا پلان بن چکا تھا لیکن نقصان کس کا ہوا؟ بھارت کو مکمل شکست دینے کا موقع ہاتھ سے نکل گیا تھا۔ کمانڈر کی تبدیلی میں دو دن ضائع ہوئے''۔

(جنگ لاہور 6 ستمبر 1984ء)

میجر جنرل (ر) محمد شفیق کا بھرپور تبصرہ۔

جنگ ستمبر 1965ء کے حوالے سے ادارہ ''نوائے وقت'' نے ایوان وقت کے زیراہتمام ایک مجلس مذاکرہ منعقد کی جس میں مختلف فوجی افسران کو مدعو کیا گیا اور ان سے جنگ ستمبر کے حوالے سے کچھ سوالات کے جواب حاصل کئے گئے۔

میجر جنرل (ر) محمد شفیق نے چھمب جوڑیاں آپریشن کے حوالے سے جو باتیں وضاحت سے بیان کیں وہ غور سے پڑھنے کے لائق ہیں:

